**AGA KHAN UNIVERSITY EXAMINATION BOARD**

**SECONDARY SCHOOL CERTIFICATE**

**CLASS X**

**ANNUAL EXAMINATIONS (THEORY) 2023**

**Islamiyat Paper I**

**Time: 55 minutes Marks: 30**

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

## ہدایات


1۔ ہر سوال کو غور سے پڑھیے۔

2۔ جوابات کے ورق پر جوابات دیجیے جو علیحدہ مہیا کیا گیا ہے۔ اپنے جوابات، سوالات کے پرچے پر ہرگز نہ لکھیے۔

3۔ جوابات کے ورق پر 100 تک نمبر دیے گئے ہیں۔ آپ 1 سے 30 نمبر تک ہی جوابات دیجیے۔

4۔ ہر سوال کے چار انتخابات (options) D,C, B, A دیے گئے ہیں۔ ان میں سے ایک کو منتخب کیجیے۔ پھر جوابات کے صفحے میں متعلقہ دائرے کو پنسل سے بھر دیجیے جیسا کہ نیچے دکھایا گیا ہے۔

**امیدوار کے دستخط**




5۔ اگر آپ اپنا جواب بدلنا چاہیں تو پہلے والے جواب کو مکمل طور پر ربڑ سے مٹا دیجیے پھر نئے دائرے کو بھریے۔

6۔ جوابات کے صفحے میں کچھ نہ لکھیے۔ کمپیوٹر صرف بھرے ہوئے دائروں کو ریکارڈ کرے گا۔

1۔ سورۃ الاحزاب میں 'حضرت موسیٰؑ' کا ذکر کس حوالے سے آیا ہے؟

A۔ دریائے نیل پار کرنا
B۔ جادوگروں سے مقابلہ کرنا
C۔ قوم کی طرف سے اُنھیں تکلیف پہنچانا
D۔ کوہِ طور پر اللہ تعالیٰ سے ہم کلام ہونا

2۔ ''اللہ نے کسی شخص کے سینہ میں دو دل نہیں بنائے اور نہ اللہ نے تمھاری ان بیویوں کو جن سے تم ظہار کرتے ہو، تمھاری ماں بنایا ہے۔'' (الاحزاب: 04)

دی گئی آیت کے ترجمے میں خط کشیدہ جملے میں لفظ 'ظہار' سے کیا مراد ہے؟

A۔ بیویوں سے غصے کا اظہار کرنا
B۔ بیویوں کو غصے میں ماں جیسا کہنا
C۔ بیویوں کو طلاق دے کر رخصت کرنا
D۔ بیویوں کو غصے میں اُن کی ماؤں کے گھر بھیج دینا

3۔ قَدۡ يَعۡلَمُ اللّٰهُ الۡمُعَوِّقِيۡنَ مِنۡكُمۡ وَالۡقَآئِلِيۡنَ لِاِخۡوَانِهِمۡ هَلُمَّ اِلَيۡنَا۔۔۔ (الاحزاب: 18)

دی گئی آیت کے مذکورہ حصے میں لفظ 'اَلۡمُعَوِّقِيۡنَ' سے کون سا گروہ مراد ہے؟

A۔ یہود
B۔ قریش
C۔ نصاریٰ
D منافقین

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

4۔ اَشِحَّةً عَلَيۡكُمۡ ۛ فَإِذَا جَآءَ الۡخَوۡفُ رَاَيۡتَهُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ اِلَيۡكَ تَدُوۡرُ اَعۡيُنُهُمۡ كَالَّذِيۡ يُغۡشٰى عَلَيۡهِ مِنَ الۡمَوۡتِ۔

(الاحزاب:19)

دی گئی آیت میں موجود الفاظ 'اَشِحَّةً عَلَيۡكُمۡ' منافقین کے کس عمل کو واضح کرتے ہیں؟

A۔ مسلمانوں کی مدد کے معاملے میں بخیلی کرنا
B۔ مالِ غنیمت تقسیم کرتے وقت آگے آگے رہنا
C۔ جنگ کے وقت دشمنوں کے ساتھ مل کر مسلمانوں پر حملہ کرنا
D۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے خلاف سازشوں میں لگے رہنا

5۔ وَاَوۡرَثَكُمۡ اَرۡضَهُمۡ وَدِيَارَهُمۡ وَاَمۡوَالَهُمۡ وَاَرۡضًا لَّمۡ تَطَئُوۡهَا ۔ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرًا۔ (الاحزاب:27)

دی گئی آیت کے مطابق، اللہ تعالیٰ نے یہود کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟

A ۔ اُن کے مالوں سمیت اُنھیں خیبر سے نکال دیا
B۔ اُن کے مالوں کو بہ طورِ فدیہ مسلمانوں کو دے دیا
C۔ اُن کی زمین اور ان کے مالوں کو اللہ تعالیٰ نے نیست و نابود کر دیا
D۔ اُن کی زمین اوراُن کے مالوں کو اللہ تعالیٰ نے بہ طورِ انعام مسلمانوں کو دے دیا

6۔ يٰۤاَيُّهَا النَّبِىُّ قُلْ لِّاَزۡوَاجِكَ اِنۡ كُنۡتُنَّ تُرِدۡنَ الۡحَيٰوةَ الدُّنۡيَا وَزِيۡنَتَهَا فَتَعَالَيۡنَ اُمَتِّعۡكُنَّ وَاُسَرِّحۡكُنَّ سَرَاحًا جَمِيۡلًا۔

(الاحزاب:28)

دی گئی آیت کے مطابق، اگر ازواجِ مطہرات دنیاوی زندگی کی خواہش کریں تو حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کو کیا حکم دیا گیا تھا؟

A۔ اُن کی تمام خواہشات پوری کریں
B۔ اُن کو اس عارضی دنیا کی حقیقت واضح کریں
C۔ اُنھیں بنا سامان دیے بہتر طریقے سے رخصت کریں
D۔ اُنھیں کچھ سامان دے کر بہتر طریقے سے رخصت کریں

براہِ کرم صفحہ پلٹیے



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

7۔ يَوْمَ تُقَلَّبُ وُجُوْهُهُمْ فِي النَّارِ يَقُوْلُوْنَ يٰلَيْتَنَآ اَطَعْنَا اللّٰهَ وَاَطَعْنَا الرَّسُوْلَا۔ (الاحزاب:66)

دی گئی آیت میں کس دن کی نشان دہی کی گئی ہے؟

A۔ موت کا دن

B۔ فتح مکہ کا دن

C۔ قیامت کا دن

D۔ جنگِ احزاب کا دن

8۔ سورۃ الممتحنہ کی آیت نمبر 1 کے مطابق، مسلمانوں کو کس بات سے روکا گیا؟

A۔ کفار کو دوستی کا پیغام دینا

B۔ کفار کا طریقۂ عبادت اپنانا

C۔ کفار کو مدینے سے باہر نکالنا

D۔ کفار کی خفیہ طور پر مالی مدد کرنا

9۔ سورۃ الممتحنہ کی آیت نمبر 2 کے مطابق، کفار مومنین کو اگر کہیں پالیں تو وہ اُن کے ساتھ کیا معاملہ کریں گے؟

A۔ قید کریں گے اور بُرا بھلا کہیں گے

B۔ برا بھلا کہیں گے اور جلا وطن کریں گے

C۔ قید کریں گے اور جسمانی تکالیف دیں گے

D۔ برا بھلا کہیں گے اور جسمانی تکالیف دیں گے

10۔ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَوَلَّوْا قَوْمًا غَضِبَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ قَدْ يَئِسُوْا مِنَ الْاٰخِرَةِ كَمَا يَئِسَ الْكُفَّارُ مِنْ اَصْحٰبِ الْقُبُوْرِ۔ (الممتحنہ: 13)

درج بالا آیت میں موجود لفظ 'قَدْ يَئِسُوْا' کے کیا معنی ہیں؟

A۔ وہ مایوس ہوگئے

B۔ وہ پر امید ہوگئے

C۔ وہ ناراض ہوگئے

D۔ وہ خوش ہوگئے

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

11۔ درج ذیل میں سے کون سا اصول سورۃ الممتحنہ میں بیان ہوا ہے؟

A۔ اولاد کو اُن کے حقیقی باپوں کے نام سے پکارا جائے

B۔ منافقین جو مدینہ میں افواہیں پھیلا رہے ہیں، اُنھیں پکڑا جائے اور مارا جائے

C۔ مومن عورتیں جب ہجرت کر کے آئیں، تو اہلِ ایمان کی طرف سے اُن کا امتحان لیا جائے

D۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے گھر میں داخل ہونے کے لیے اجازت طلب کی جائے

12۔ سعود اپنے دوست سے اس بات پر بحث کر رہا تھا کہ اُس نے قرآن پڑھ لیا اور سمجھ بھی لیا ہے، اب اُسے حدیث کو پڑھنے اور سمجھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ سعود کے دوست نے اُسے سمجھایا کہ قرآن کے ساتھ حدیث کا فہم بھی بہت ضروری ہے ورنہ دینی احکامات صحیح طریقے سے سمجھ نہیں آئیں گے۔ ساتھ ہی سعود کے دوست نے قرآن و حدیث کے آپس میں تعلق کی ایک ایسی مثال دی جسے سن کر سعود نہ صرف قائل ہوگیا بلکہ حدیث کی اہمیت کو بھی سمجھ گیا۔

دی گئی صورتِ حال میں سعود نے قرآن و حدیث کے آپس میں تعلق کے حوالے سے درج ذیل کون سی مثال دی؟

A۔ زکوۃ کی اہمیت اور زکوۃ کے جو مصارف ہیں، اُنھیں بیان کیا

B۔ حرمت والے رشتوں کی اہمیت اور اُن رشتوں کے ناموں کو بیان کیا

C۔ نماز کی اہمیت اور جن وقتوں میں نماز نہ پڑھنے کا حکم ہے، اُنھیں بیان کیا

D۔ مردار، سور کا گوشت اور شراب کی حرمت اور اُن اشیا سے بچنے کو بیان کیا

13۔ درج ذیل میں سے کون سی حدیث جمعہ کے دن دورانِ خطبہ لوگوں کی گردنوں پر سے پھلانگ کر جانے پر عذاب سے متعلق ہے؟

A۔ مَنْ تَخَطَّى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ۔

B۔ اِذَا قُلْتَ لِصَاحِبِكَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اَنْصِتْ وَالْاِمَامُ يَخْطُبُ فَقَدْ لَغَوْتَ۔

C۔ اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّيْنِ وَمَنْ اَقَامَهَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّيْنَ وَمَنْ هَدَمَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ۔

D۔ إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا تَأْتُوهَا تَسْعَوْنَ وَأْتُوهَا تَمْشُونَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا۔



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

14۔ مَنْ حَجَّ الْبَيْتَ فَقَضٰى مَنَاسِكَهٗ وَسَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِّسَانِهٖ وَيَدِهٖ غُفِرَلَهٗ مَاتَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ۔ (حدیث: 17)

دی گئی حدیث میں لفظ 'فَقَضٰى' حج سے متعلق کس عنصر کو واضح کر رہا ہے؟

A۔ حج کے مناسک سیکھنا

B۔ حج کے مناسک پورے کرنا

C۔ حج کے لیے طویل سفر طے کرنا

D۔ حج کے دوران کسی دل آزاری سے بچنا

15۔ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔ (حدیث: 18)

دی گئی حدیث کی مرکزی تعلیم کیا ہے؟

A۔ اپنے قدموں سے پتھر ہٹانا

B۔ لوگوں کو قرآن و حدیث کی تعلیم دینا

C۔ گھر میں رہ کر لوگوں کی فی سبیل اللہ مالی مدد کرنا

D۔ مشکلات کا سامنا کرنے کے باوجود لوگوں کی اصلاح کرنا

16۔ درج ذیل نکات کو پڑھیے۔

- راستے سے پتھر اس لیے ہٹانا تاکہ کسی کو تکلیف نہ پہنچے
- راستہ بھٹکے ہوئے شخص کو صحیح راستہ بتانا
- کسی نابینا شخص کو سڑک پار کرانا

دیے گئے نِکات کس حدیث سے تعلق رکھتے ہیں؟

A۔ خَيْرُ النَّاسِ مَنْ يَّنْفَعُ النَّاسَ۔

B۔ كُلُّكُمْ رَاعٍ وَّكُلُّكُمْ مَسْئُوْلٌ عَنْ رَّعِيَّتِهٖ۔

C۔ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

D۔ لِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ: فَرْحَةٌ عِنْدَ اِفْطَارِهٖ وَفَرْحَةٌ عِنْدَ لِقَاءِ رَبِّهٖ۔

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

17۔ درج ذیل کون سی حدیث میں 'صلوٰۃ' کو دین کی بنیاد کہا گیا ہے؟

A۔ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ۔

B۔ مَنْ تَخَطّٰى رِقَابَ النَّاسِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ اِتَّخَذَ جِسْرًا اِلٰى جَهَنَّمَ۔

C۔ اَلصَّلٰوةُ عِمَادُ الدِّيْنِ وَمَنْ اَقَامَهَا فَقَدْ اَقَامَ الدِّينَ وَمَنْ هَدَمَهَا فَقَدْ هَدَمَ الدِّيْنَ۔

D۔ إِذَا أُقِيمَتِ الصَّلَاةُ فَلَا تَأْتُوهَا تَسْعَوْنَ وَأْتُوهَا تَمْشُونَ وَعَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا۔

18۔ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے دورانِ ہجرت 'غارِ ثور' والا راستہ اس لیے اختیار فرمایا، کیوں کہ

A۔ اہلِ مدینہ اس راستے سے مانوس نہیں تھے۔

B۔ قریش اس راستے سے مانوس نہیں تھے۔

C۔ مدینے کی طرف سیدھا راستہ تھا۔

D۔ حضرت عمر فاروقؓ کا مشورہ تھا۔

19۔ درج ذیل میں سے کون سی وجہ حضور صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی ہجرتِ مدینہ سے متعلق **نہیں** تھی؟

A۔ اسلام کی تبلیغ کرنا

B۔ عبادات کھلے عام کرنا

C۔ یہود کے خلاف جنگ کرنا

D۔ قریش کے ظلم سے نجات حاصل کرنا

20۔ درج ذیل تمام حقوق بیوی کے ہیں، **ماسوائے**

A۔ عزت ملنا۔

B۔ حق مہر ادا کرنا۔

C۔ حسنِ سلوک ہونا۔

D۔ ترکے میں حصہ ملنا۔



AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

21۔ اسلامی تعلیمات کی رو سے اصطلاح 'نان نفقہ' کن کے درمیان مستعمل ہے؟

A۔ باپ اور بیٹا
B۔ بیٹا اور بھائی
C۔ بھائی اور بہن
D۔ شوہر اور بیوی

22۔ قرآن و حدیث کے مطابق، مشکلات کے وقت اللہ تعالیٰ سے کیا دعا مانگنی چاہیے؟

A۔ مال و دولت کی
B۔ عزت و شہرت کی
C۔ عزت و عصمت کی
D۔ ہمت و استقامت کی

23۔ طہارت میں بنیادی طور پر کتنے عوامل شامل ہیں؟

A۔ دو
B۔ تین
C۔ چار
D۔ پانچ

24۔ درج ذیل میں سے کون سا انتخاب وضو کے جسمانی فائدے سے متعلق ہے؟

A۔ گلے کا صاف ہونا
B۔ ٹانگوں کا درد ٹھیک ہونا
C۔ جلدی بیماری دور ہونا
D۔ پیٹ کی بیماریوں کا خاتمہ ہونا

AKU-EB Annual Examination 2023 for Teaching and Learning only

25۔ ’قرآنِ مجید کی تلاوت ’ترتیل‘ کے ساتھ کرنے سے دلی سکون حاصل ہوتا ہے۔‘

دیے گئے بیان میں لفظ ’ترتیل‘ سے کیا مراد ہے؟

A۔ قرآنِ مجید کو حفظ کرنا
B۔ قرآنِ مجید کی تفسیر کرنا
C۔ قرآنِ مجید کو سمجھ کر پڑھنا
D۔ قرآنِ مجید کو ٹھہر ٹھہر کر پڑھنا

26۔ فرقان ایک ایسے محکمے میں کام کرتا ہے جہاں بدعنوانی عام ہے۔ فرقان نے نہ صرف خود اس کا حصہ بننے سے انکار کیا بلکہ ایک مہم بھی شروع کی جس میں وہ مختلف اخبار و رسائل میں بدعنوانی کے خلاف لکھتا ہے۔

دی گئی صورتِ حال میں فرقان کا عمل جہاد کی کن دو اقسام کے زمرے میں آئے گا؟

A۔ جہاد بالنفس اور جہاد بالمال
B۔ جہاد بالسیف اور جہاد بالقلم
C۔ جہاد بالنفس اور جہاد بالقلم
D۔ جہاد بالسیف اور جہاد بالمال

27۔ تمدّن کی بقا کے لیے کس نظام کا قیام ضروری ہے؟

A۔ ادبی نظام
B۔ عائلی نظام
C۔ سیاسی نظام
D۔ معاشی نظام

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

28۔ 'مشکل حالات میں قوم ایک زنجیر بن جاتی ہے۔ خاص کر اُس وقت جب انسانی جانیں بھوک و افلاس کی وجہ سے خطرے میں پڑ جاتی ہیں۔'

دیے گئے بیان کے پیشِ نظر ایسی صورتِ حال میں اجتماعی طور پر شہری اپنا کردار کیسے ادا کریں گے ؟

A۔ معاشی نظام بہتر بنائیں گے

B۔ زکوٰۃ کا نظام بہتر بنائیں گے

C۔ بدعنوان لوگوں کو سزا دیں گے

D۔ بنیادی ضروریات فراہم کریں گے

29۔ شاہ عبداللطیف بھٹائی کی شاعری سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کی شاعری کا زیادہ تر تعلق

A۔ عورت کی حرمت سے ہے۔

B۔ عشق مجازی سے ہے۔

C۔ مذہب سے ہے۔

D۔ تاریخ سے ہے۔

30۔ درج ذیل میں سے کس شخصیت نے علمِ جرّاحت میں نمایاں خدمات انجام دیں؟

A۔ سید امیر علی

B۔ ابوریحان البیرونی

C۔ ڈاکٹر سلیم الزماں صدیقی

D۔ ابوالقاسم خلّاف بن عباس الزاہروی

AKU-EB Annual Examination 2023
Teaching and Learning only

اختتام

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only

# Please use this page for rough work

AKU-EB
Annual Examination 2023 for
Teaching and Learning only